# ۱۰۔ غزل

**تعارفِ شاعر :** ملا فخر الدین عراقؔی ہمدانی کا نام فخر الدین ابراہیم اور تخلص عراقؔی تھا۔ وہ ہمدان نام کے دیہات میں ۶۱۰ ھ میں پیدا ہوئے۔ وہ حافظِ قرآن تھے۔ وہ سترہ سال کی عمر میں مسلکِ تصوف سے متاثر ہوئے اور درویشوں کے ایک گروہ کے ساتھ ہندوستان پہنچنے کے بعد شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی کے مرید ہوگئے۔ یہاں کچھ دن قیام کے بعد وہ مکہ و مدینہ کے لیے روانہ ہوئے۔ قونیہ میں عراقؔی نے شیخ صدر الدین اور شیخ محی الدین ابنِ عربی سے درس لیا اور اپنی مشہور کتاب 'لمعات' تصنیف کی۔ عراقؔی نے ایک مثنوی 'دہ نامہ' یا 'عشاق نامہ'، نثری تصنیف 'لمعات' اور غزلیات کا ایک دیوان چھوڑا ہے۔ عراقؔی کا اصل کارنامہ غزل ہے۔ عراقؔی کا انتقال ۶۸۸ ھ میں دمشق میں ہوا۔

نخستین باده کاندر جام کردند | زچشمِ مستِ ساقی وام کردند
لبِ میگونِ جانان جام در داد | شرابِ عاشقانش نام کردند
به مجلس نیك و بد را جای دادند | به جامی کارِ خاص و عام کردند
به عالم هر کُجا درد و غمی بود | بهم کردند و عشقش نام کردند

چو خود کردند رازِ خویشتن فاش
عراقیؔ را چرا بدنام کردند

(ملّا فخر الدین عراقیؔ ہمدانی)

## فرہنگ (Glossary)

| | | |
|---|---|---|
| نخستین | اوّل، پہلا | First |
| باده | شراب | Wine |
| چشمِ مست | مستی بھری آنکھ | Cock-eyed |
| ساقی | شراب پلانے والا | Cup-bearer |
| وام کردن | اُدھار لینا، مستعار لینا | To borrow, to lend |
| جام | پیالہ | Goblet |
| کُجا | کہاں | Where |
| بهم کردند | جمع کیا، یکجا کیا | Collected |
| رازِ خویشتن | خود اپنا راز | One's own secret |
| فاش کردن | کھولنا، ظاہر کرنا | To expose |
| چرا | کیوں | Why |

## Exercise / پرسش

۱۔ غزل سے قافیے تلاش کر کے لکھیے۔

Write Qafiyas from the ghazal.

۲۔ غزل سے مطلع اور مقطع کا شعر لکھیے۔

Find opening and closing couplets (Matla and Maqta) from the ghazal.

۳۔ مناسب جوڑیاں لگائیے۔

Match the following.

| الف | ب |
|---|---|
| باده | ساقی |
| چشم | جام |
| لب | نيك و بَد |
| مجلسِ | جانان |

۴۔ مندرجہ ذیل اشعار کی اُردو یا انگریزی میں تشریح کیجیے۔

Explain the following couplets in Urdu or English.

لبِ میگونِ جانان جام در داد — شرابِ عاشقانش نام کردند

به عالم هر کُجا درد و غمی بود — بهم کردند و عشقش نام کردند

۵۔ غزل سے صنعتِ استعارہ کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔

Find the couplet from the ghazal having صنعتِ استعاره .